# Sample Question Paper 2022-23

**Subject: Urdu (Elective)**
**Class: XII**
**Code: 003**

Time: 3 Hours | Maximum Marks 80

## Section A (حصہ الف)

1۔ مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ **(1×10=10)**

**(الف)**

اب پوچھو کہ تو کیوں مسکن قدیم میں بیٹھا رہا۔ صاحب بندہ! میں حکیم محمد حسن خاں مرحوم کے مکان میں نو دس برس سے کرائے پر رہتا ہوں اور یہاں قریب کیا بلکہ دیوار بہ دیوار میں گھر حکیموں کے اور وہ نوکر ہیں راجا نریندر سنگھ بہادر والیِ پٹیالہ کے۔ راجا نے صاحبان عالی شان سے عہدہ لے لیا تھا کہ بروقت غارت دہلی یہ لوگ بچ رہیں۔ چنانچہ بعد فتح راجا کے سپاہی یہاں آبیٹھے اور یہ کوچہ محفوظ رہا ورنہ میں اور یہ شہر کہاں۔ مبالغہ نہ جاننا۔ امیر غریب سب نکل گئے۔ جو رہ گئے تھے وہ نکالے گئے۔ جاگیر دار پنشن وار دولت مند، اہل حرفہ کوئی بھی نہیں ہے۔ مفصل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں۔

(i) مسکن قدیم کے معنی کیا ہیں؟

(ii) مصنف کس کے مکان میں کرائے پر رہتا ہے؟

(iii) مصنف کے گھر کے پاس کن لوگوں گھر تھے؟

(iv) مصنف کا کوچہ کیوں محفوظ رہا؟

(v) صاحبان عالی شان سے کیا مراد ہے؟

یا

دوپہر کو پریم چند سوسائٹی کا افتتاح تھا۔ حسین ساگر میں جو کلب ہے وہاں دعوت بھی تھی۔ ادیبوں کو کشتیوں میں سوار کر کے کلب پہنچایا گیا۔ درحالیکہ ایک راستہ خشکی سے بھی جاتا تھا۔ غالباً موٹر بوٹ کی نمائش تھی۔ کلب کی عمارت جھیل میں تعمیر کی گئی ہے۔ کوئی پچاس کے قریب ملازم ہوں گے۔ اٹھ کورس کا کھانا۔ اس دعوت پر اتنا صرف کیا گیا تھا کہ غالباً پریم چند کو اپنی زندگی میں اتنی رائلٹی نہ ملی ہو گی۔ یورپ میں جب ادیب زندہ ہوتا ہے تو اس کی قدر ہوتی ہے۔ ہندوستان میں مرنے کے بعد اسے پوچھا جاتا ہے۔ چنانچہ آج پریم چند سوسائٹی کا افتتاح تھا۔ قاضی عبد الغفار تقریر کر رہے تھے۔ اور مرغن کھانے دعوت میں شامل تھے۔ جھیل کے منظر سے ادیب لطف اندوز ہو رہے تھے۔ قاضی عبد الغفار کی شخصیت پر متانت کا ایک دبیز پردہ پڑا ہوا ہے۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(ii) اس سبق کے مصنف کون ہیں؟

(iii) ادیبوں کو کس طرح کلب میں پہنچایا گیا؟

(iv) کلب کی عمارت کہاں تعمیر کی گئی تھی؟

(v) قاضی عبدالغفار کی شخصیت پر کس چیز کا پردہ پڑا ہوا تھا؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 الفاظ میں لکھیے۔ **(1×5=5)**

(i) غالب کی مکتوب نگاری پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

(ii) احمد جال پاشا کے خاکے 'کلیم الدین احمد' سے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ **(2.5×2=5)**

(i) خوجی کے کردار کا مختصر تعارف پیش کیجئے۔

(ii) مختصر افسانے پر اپنی معلومات کا اظہار کیجئے؟

(iii) سبق مچھر میں انسان کو کیا نصیحتیں کی گئی ہیں؟

(iv) روشنائی میں سجاد ظہیر نے اقبال سے اپنی ذہنی وابستگی کا اظہار کس طرح کیا ہے؟

4۔ مندرجہ ذیل درسی اشعار غور سے پڑھئے اور اس پر مشتمل سوالوں کے جواب لکھئے۔ **(11×10=10)**

**الف**

زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی — شام آتی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

پرسش غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا — دیدنی کیفیتِ قلب و جگر بھی ہوگی

منزل عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم — مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گرد سفر بھی ہوگی

ہوگا افسردہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح — غنچہ و گل میں کہیں یادِ سحر بھی ہوگی

دل اگر دل ہے تو جس راہ پہ لے جائے گا — دردمندوں کی وہی راہ گزر بھی ہوگی

(i) یہ کس کی غزل ہے؟

(ii) اس غزل کا مطلع لکھئے؟

(iii) مطلع میں شاعر نے کس بات کا اظہار کیا ہے؟

(iv) دیدنی کے کیا معنی ہیں؟

(v) نالۂ صبح سے کیا مراد ہے؟

**یا**

| | |
|---|---|
| اب بھاگتے ہیں سایۂ عشق بتاں سے ہم | کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم |
| خود رفتگی شب کا مزا بھولتا نہیں | آئے ہیں آج آپ میں یارب کہاں سے ہم |
| اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو | کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم |
| دلکش ہر ایک قطعۂ صحرا ہے راہ میں | ملتے ہیں جا کے دیکھیے کب کارواں سے ہم |
| لذت ترے کلام میں آئی کہاں سے یہ | پوچھیں گے جا کے حالیؔ جادو بیاں سے ہم |

(i) یہ غزل کس شاعر کی ہے؟

(ii) اس غزل کا مطلع لکھیے۔

(iii) شاعر کن چیزوں سے ڈرا ہوا ہے؟

(iv) سائے سے بھاگنا سے کیا مراد ہے؟

(v) جادو بیاں کے کیا معنی ہیں؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 الفاظ میں لکھیے۔ (1×5=5)

(i) نظم "روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے" میں اقبال نے کس چیز کا قصہ بیان کیا ہے؟

(ii) جمیل مظہری کی نظم 'ارتقا' پر مختصراً روشنی ڈالئے۔

6۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ (2.5×2=5)

(i) پرسش غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا ۔۔۔ دیدنی کیفیت قلب و جگر بھی ہوگی

اس شعر کا مفہوم لکھئے۔

(ii) "انھی گل رنگ دریچوں سے سحر جھانکے گی"۔ اس مصرع میں 'گل رنگ' اور 'سحر' کے کیا معنی ہیں۔

(iii) علامہ اقبال کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔

(iv) ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے غزل کا فن کیا ۔۔۔ چند لفظوں میں کوئی آگ چھپا دی جائے

اس شعر کا مفہوم واضح کیجئے۔

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 الفاظ میں لکھیے۔ (1×4=4)

(i) ویکوم محمد بشیر کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔

(ii) نرمل ورما کی کہانی جلتی جھاڑی سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب مختصراً لکھیے۔ (2×3=6)

(i) چے خف کی افسانہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔

(ii) نرمل ورما کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(iii) ویکوم محمد بشیر نے اپنا آخر مضمون کن الفاظ پر ختم کیا تھا؟

## (حصہ ب)

9۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے۔ (3×5=15)

(i) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(ii) ترقی پسند تحریک کا جائزہ لیجئے۔

(iii) حالی کی ادبی خدمات پر ایک مضمون لکھیے۔

10۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ (2×5=10)

(i) نظیر اکبر آبادی کی نظم نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

(ii) میر انیس کی مرثیہ نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

11۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے۔ (5×1=5)

(i) میر امن دہلوی کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(A) قدیم دلی کالج (B) فورٹ ولیم کالج (C) انجمن پنجاب (D) دارالمصنفین

(ii) مندرجہ ذیل میں کس شاعر کا تعلق ترقی پسند تحریک سے ہے؟

(A) ظفر اقبال (B) فیض احمد فیض (C) ناصر کاظمی (D) احمد مشتاق

(iii) اردو کس بولی سے نکلی ہے؟

(A) کھڑی بولی (B) برج بھاشا (C) قنوجی (D) پنجابی

(iv) سر سید احمد خاں کو سر کا خطاب کب ملا؟

(A) 1878ء (B) 1870ء (C) 1890ء (D) 1885ء

(v) آثار الصنادید کس کی تصنیف ہے؟

(A) مولوی ذکاء اللہ (B) ڈپٹی نذیر احمد (C) سر سید احمد خاں (D) شبلی نعمانی